© rasailojaraid.com

الحکمۃ، میبذی، عین القضاۃ حاشیہ میبذی، صدرا سے کیا ہے، اور بعض مبادی کو منطق کی کتابوں سلم العلوم، حمد اللہ، شرح سلم العلوم، قاضی مبارک اور میر زاہد سے اخذ کیا ہے۔"

کتاب اپنے اسلوب کے اعتبار سے نہایت آسان اور عام فہم ہے، شائقین منطق وفلسفہ کے لیے گرانقدر تحفہ ہے۔

## ترتیب النحو فی حل تمارین تسہیل النحو

**تالیف: مولانا محمد یعقوب حقانی۔ صفحات: 181 طباعت، مناسب۔ ملنے کا پتا: مکتبۃ الاحرار، بالمقابل یوسف زئی فلائنگ کوچ، میڈیسن مارکیٹ نزد افغان ہوٹل نیواڈا مردان۔**

درس نظامی میں علم النحو کی متعدد کتب داخل نصاب ہیں۔ چوں کہ ذہنی صلاحیت کے لحاظ سے ہر طرح کے طلبہ ہوتے ہیں، اس لیے اساتذہ طلبہ کی سہولت کے لیے فنون کو آسان سے آسان تر بنانے کی کوشش فرماتے ہیں۔ زیر تبصرہ کتاب بھی اسی سلسلے کی ایک کڑی ہے۔ نحو میر علم النحو کی بنیادی کتاب خیال کی جاتی ہے۔ حضرت مولانا عبداللہ گنگوہی رحمہ اللہ نے قواعد نحو میر ذہن نشین کرانے کے لیے "تسہیل النحو" کے نام سے ایک کتاب لکھی تھی۔ اس میں ہر فصل کے بعد ایسی مثالیں لکھی جن میں نحوی قواعد کا اجراء ہوتا ہے۔ مولانا ابوایوب محمد یعقوب حقانی زید مجدہم نے اسے مزید آسان بنا کر "ترتیب النحو فی حل تمارین تسہیل النحو" کے نام سے کتاب پیش کی ہے۔ مبتدی طلبہ اس کتاب سے فائدہ اٹھا سکتے ہیں۔

## التمہید لاصول الفقہ

**تالیف: استاذ عبدالوہاب، صفحات: 80 کارڈ کو طباعت۔ ملنے کا پتا: مکتبہ فریدیہ۔ ای سیون، اسلام آباد فون 0512653178**

اَسّی صفحات پر مشتمل یہ مختصر رسالہ عربی زبان میں اور اصول الشاشی کی ترتیب پر مرتب کیا گیا ہے۔ بلاشبہ اصول فقہ اہم ترین اور دقیق مضمون ہے۔ اللہ تعالیٰ کا خاص کرم ہوتا ہے ان بندوں پر جنہیں اس کی سمجھ دی جاتی ہے۔ مولانا عبدالوہاب زید مجدہم نے یہ رسالہ ترتیب دیا ہے۔ ضخامت اگرچہ کم ہے مگر کیفیت کے اعتبار سے بہت خوب ہے۔ اصول فقہ کے سلسلے میں جتنے عناوین اور اُن کی تعبیرات ہیں، سب موثر اور آسان انداز میں لکھا گیا ہے چوں کہ رسالہ عربی زبان میں ہے اور سب جانتے ہیں کہ عربی زبان اپنی جامعیت میں ممتاز زبان ہے۔ چناں چہ ایسا اسلوب اختیار کیا گیا ہے کہ بات مختصر ہو اور طالب علم کو ذہن نشین کرنا بھی آسان ہو۔ الحمد للہ ہمارے مدارس میں معہد العربی کا بھی اہتمام ہونے لگا ہے۔ اگر مبتدی طلبہ کو اصول الشاشی کی تدریس سے قبل یہ رسالہ پڑھایا جائے تو اس فن سے مناسبت کے لیے بہت بہتر رہے گا۔ ☆


© rasailojaraid.com